Rampur State Gazette.

{EXTRAORDINARY.}

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۴۹ | بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم | جلد ۴۲

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۴ جمادی الاول سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

آرمی آرڈر اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بلاحظہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء واضح ہوا کہ صاحب جنرل منسٹر بہادر نے لفٹنٹ کرنل کمانڈنگ افسر صاحب بہادر سکنڈ انفنٹری کی رپورٹ دربارہ رخصت دو یوم مرسلہ صاحب آرمی منسٹر بہادر بھیجی ہے اور تحریر کیا ہے کہ لفٹنٹ کرنل صاحب کو قوی ضرورت رخصت کی تھی اس وجہ سے انکو ۱۴ و ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء کی اجازت بامید منظوری دیدی گئی ہے۔ کاغذات بغرض ملاحظہ و صدور حکم منظوری حضور انور مین پیش ہین۔ ارشاد عالی منظور رہے ایام اجازت مین کپتان سکنڈان کمانڈر تریڈ کا کام انجام دین گے۔ آرمی آرڈر جاری ہو۔ اور ایک نقل اس کی درج گزٹ ہو۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۱ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ عیسوی

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مثبتہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بہ سلسلہ تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر دربارہ اضافہ ماسٹر وزیر احمد بی۔ اے بی ٹی ٹیچر ہائی اسکول از ۲۰ اگست سنہ ۱۹۳۰ء و اضافہ تنخواہ ماسٹر گوبند سرن بی۔ ایس۔ سی۔ ایل۔ ٹی ٹیچر ہائی اسکول از ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء بقدر دس دس روپیہ حسب گریڈ اینڈ گریجویشن۔

حکم

ماسٹر وزیر احمد و ماسٹر گوبند سرن کو حسب ضابطہ گریڈ کا اضافہ دیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض انجام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

حسب ہدایت یادداشت ۸ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء و منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقعہ ۱۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بنظر مصالح انتظامی حکم ہوا کہ

خان بہادر باقر علی خان سپرنٹنڈنٹ پولیس کو اپنی خدمات سے سبکدوش کیا جائے اور انکی جگہ کپتان پیکاک کو سپرنٹنڈنٹ پولیس مقرر کیا جائے کپتان پیکاک کو پانسو روپیہ ماہوار تنخواہ یوم کارکردگی سے ملیگی اور سرکار سے انکے رہنے کے واسطے ایک مکان ملیگا جسکی بابت صاحب چیف منسٹر بہادر ہم سے زبانی ہدایت حاصل کرلیں۔ سواری کے واسطے ایک موٹر دیجائیگی اور اس کے مصارف صیغہ پولیس سے ادا ہوا کرینگے۔ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر موٹر کے متعلق ہم سے زبانی حکم حاصل کرلیں۔

کپتان پیکاک کی ملازمت کے متعلق جو شرائط طے ہوئے ہیں وہ دار الانشاء میں موجود ہیں انکی ایک نقل صاحب چیف منسٹر بہادر و صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کے پاس بھیجدیں۔
کپتان پیکاک کل صبح عہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس کا چارج لیلیں۔ روبکار ہذا بتعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل کل صبح ۱۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء کے غیر معمولی گزٹ میں شایع کیجائے۔

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم فوراً صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ غیر معمولی مورخہ ۱۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء ہو۔ ۱۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱۶ر ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بینڈ ماسٹر فوجی اپنے فرائض متعلقہ نہیں انجام دیسکتا اپنا کام نہیں جانتا لہذا خدمت سے سبکدوش کیا جائے صاحب چیف منسٹر حسب منشاء حکم بادولت و اقبال چند بینڈ ماسٹر زیر طلب ہیں جلد انکو بلایا جائے تاکہ اس جگہ کا انتظام ہوجائے اور برسر کار ہو۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بتعمیل صدر بالا و اجراء احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو ۱۶ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱۶ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

پچیس روپیہ تک کے ملازمان کو رخصت دینے کے اختیارات منسٹر صاحبان کو اور پچاس روپیہ تک کے تنخواہ داران کو رخصت دینے کے اختیارات صاحب چیف منسٹر بہادر کو حاصل ہیں پچاس روپیہ تنخواہ سے زائد کے ملازمان جب بیرون ریاست کہیں جائیں وہ بلا حصول اجازت از اجلاس ہمایوں نہ جائیں اجلاس ہمایوں سے رخصت اور اجازت بیرونی سفر حاصل کرکے جاسکتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بتعمیل و اجراء احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو ۱۶ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقعہ ۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نسبت رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر بر بنائے تحریر سردار صاحب ڈیوڑھی مبارک دربارۂ تجویز عہدہ سید نادر علی ملازم منشی مشاہرہ دار پچاس روپیہ (منصرم) رپورٹ منظور ہے عہدۂ منصرمی کے نام سے آیندہ موسوم کیا جائے کاغذات بنا بر کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — واقع ۱۶؍اکتوبر ۱۹۳۰ء

آج بادولت واقبال نے تحصیل ملک تھانہ و چوکی دھورہ کا معائنہ فرمایا حالت حسب ذیل ہے۔

(تحصیل ملک)

۱۔ مطالبہ ۱۳۳۸ف بالکل بیباق ہے بلکہ ۱۳۳۹ف کی بھی کچھ آمدنی داخل ہو گئی ہے۔
۲۔ جمع مالگذاری مواضعات بمقابلہ ۱۳۳۸ف کے ۱۳۳۹ف میں [illegible] زیادہ ہے نقشہ شامل ہے۔
۳۔ باقی مقدمات دیوانی ۔ فوجداری ۔ اجرائے ڈگری ۔ سرسری ہیں ۔ نقشہ جات شامل ہیں ۔ مقدمات سرسری کی تعداد زیادہ ہے فیصلہ میں کوشش کیجائے۔
۴۔ موجودات خزانہ بتفصیل ذاختمہ ۹؍ستمبر ۱۹۳۰ء موجودہ جمع خرچ روزانہ [illegible]

موجودات خارج از سیاہہ (امانت) [illegible]

تحصیل ملک کا کام اچھا ہے ۔ مالگذاری بھی بیباق ہے ۔ بمقابلہ سابق جمع مالگذاری میں بیشی بھی ہے۔

(تھانہ ملک)

۱۔ انسپکٹر حلقہ کو موجود پایا۔
۲۔ سال گذشتہ ۴۴ مقدمات ہوئے ۔ تحقیقات (۴۳) خارج (۹) (۲۳) چالان سزا (۱۸) رہا (۳) زیر تجویز (۲) لاپتہ (۴) ۔
لاپتہ مقدمات کا پتہ لگایا جائے۔
(۳) سال گذشتہ مال مسروقہ کی تعداد [illegible] بازیافت [illegible] باقی [illegible] ۔
(۴) حال مال مسروقہ کی تعداد [illegible] بازیافت [illegible] باقی [illegible] سال گذشتہ مال مسروقہ باقی بازیافت ہونے سے زیادہ رہگیا اسکے بازیافت کی کوشش کیجائے۔
(۵) رجسٹر بدمعاشان سالگذشتہ میں (۳۶) لاپتہ (۵) مقید جیل (۶) موجود (۲۵) لاپتہ کا پتہ چلایا جائے۔
(۶) رجسٹر بدمعاشان سال حال میں (۳) لاپتہ (۱) مگر یہ پتہ کسی دوسرے مقدمہ میں سزایاب ہو گیا ۔ ایک چالان ہوگا ۔ ملزم گرفتار ہے۔

تھانہ و تحصیل ملک دونوں جگہ کا کام اچھا ہے ۔ تحصیلدار ملک و تھانہ دار ملک سے کام سے بادولت واقبال نہایت پسندیدگی ظاہر فرماتے ہیں۔

(چوکی دھورہ)

چوکی دھورہ کے ہیڈ کانسٹبل سے بہت دریافت کیا کہ مقدمات وغیرہ کس قدر ہیں مگر وہ کام نہیں جانتا ایک مقدمہ بتایا ۔ چوکی مذکور کے کل مقدمات کی مفصل رپورٹ بھیجی جائے اور ہیڈ کانسٹبل کو کام سکھایا جائے تاکہ وہ اپنے فرائض کو سمجھے اور پولیس کا کام کر سکے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

نمبر [illegible] حسب الحکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو ۔ محررہ ۱۹؍اکتوبر ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱۸؍اکتوبر ۱۹۳۰ء

نمبر [illegible] ملاحظہ فرمایا گزارش صاحب چیف منسٹر بہادر بربنائے تحریر صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر دربارہ تقرر مولوی نور الرحمن بی۔ اے بغرض ترجمہ مسودہ جات قوانین از انگریزی در اردو و تجویز اسم عہدہ شخص موصوف و عطائے ماہوار [illegible]

حکم

بموجب رپورٹ نور الرحمن بی۔ اے کا تقرر بمشاہرہ [illegible] روپیہ ماہانہ منظور ہے آئندہ کام کا اندازہ ہونے پر اضافہ ملیگا ۔ نور الرحمن ہیڈ کلرک کے نام سے موسوم ہونگے کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

نمبر [illegible] حسب الحکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۸؍اکتوبر ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

برخاستگی

نمبر [illegible] رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر بربنائے تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر دربارہ سبکدوشی ڈاکٹر مسٹر بہاری لال بوجہ [illegible] خدمات قابل اطمینان سبکدوشی ڈاکٹر مذکور سے کار سرکار میں کوئی حرج نہ ہوگا۔

حکم

حسب استدعا مسٹر بہاری لال ڈاکٹر کو ملازمت سے سبکدوش کیا جائے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں نقل حکم درج گزٹ کیجائے ۔ ۱۸؍اکتوبر ۱۹۳۰ء دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر [illegible] حسب الحکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں [illegible] ۱۹؍اکتوبر ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۶ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

موٹرخانہ کا کام خراب ہونے کی وجہ سے انتظام تبدیل کیا گیا اور صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے موٹرگراج تفویض ہوا لیکن چند مرتبہ معائنہ کیا گیا وہان کے کام کی اصلاح نہوئی باوجود چند در چند ہدایات کے کام مین بدستور خرابی ہے اُمید نہین کہ موجودہ موٹرانجینیر کے کام کی حالت درست ہوسکے۔

لہذا موٹرانجینیراور اوسکے فیر کو ملازمت سے سبکدوش کیا جائے۔ اور ایک موٹرانجینیر یورپین اور موٹرڈرائیور یورپین جو اپنے اپنے کام انجینیری اور ڈرائیوری مین ولایت پاس کئے ہوئے ہون تلاش کیا جائے ذریعہ اشتہار اعلان کردیا جائے۔ دستیاب ہونے پر رپورٹ پیش ہو جب تک یورپین انجینیر اور ڈرائیور دستیاب ہون اوس وقت تک کے لئے موٹرگراج کا انچارج خلیل الرحمن خان کو مقرر کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنا بر تعمیل مصرحہ بالا و اجرار احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشار حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ ۱۶ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۷ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱۔ کوٹھی شاہ آباد کے نیچے جو سڑک ہے اوسپر ٹھیکہ دار نے مٹی ڈالی ہے مگر اسکو کٹوایا نہین ہے اسلئے جلد خراب ہوجائیگی تحصیل شاہ آباد کی کل سڑکون کا ایک ہی ٹھیکہ دار ہے جو کام خراب کرتا ہے ٹھیکہ دار کو تبدیل کیا جائے اور آیندہ سے مختلف لوگون سے کام کرایا جائے جو اچھا کرے مگر ایک پر کام نہ چھوڑا جائے۔

۲۔ تھانہ شاہ آباد کے چند شیشے ٹوٹ گئے ہین اور محافظ خانہ تحصیل شاہ آباد کے شیشے شکست ہین جلد اونکی درستی کرلیجائے۔

۳۔ کوٹھی شاہ آباد پر درختان کو ذریعہ انجن پانی دیا جاتا ہے مگر ڈرائیور پوری وقت تک انجن نہین چلاتا اس بابت انتظام کیا جائے۔

۴۔ ۹ ر اکتوبر کی شب مین رگھبیار دھوبی سکنہ قصبہ بلاسپور نے علی محمد نجارہ کے گھر مین گھس کر ظروف مسی کی چوری کی۔ اس بابت مفصل حال دریافت ہو۔

۵۔ رام پرشاد اہیر سکنہ رسینہ پرگنہ ملک کی دختر اٹھارہ سالہ کو رام سوروپ جاٹ سکنہ دیپورہ پرگنہ حضور تحصیل فرار کرلیگیا۔ اس بابت مفصل حال دریافت ہو۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر دریافت حال مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل کا صیح کے غیر معمولی گزٹ مین شائع کیجائے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۶ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مسل منسلکہ مین درخواست اسی جمعہ پر حکم تھا کہ عرضیگذار کو کوئی جگہ دیدیجائے اس سے یہ مطلب نہ تھا کہ بدولت واقبال کے خدمتگاران مین جگہ دیجائے اوسکو خدمتگاران مین جگہ دیگئی جمعہ اوسکو خدمتگاران سے علحدہ کردیا جائے اور کسی دفتر مین بعہدہ چپراسیان اوسکو جگہ دیدیجائے اور یجائے اوسکے شفیع الدین جمعدار تخفیف شدہ کو اوسکی اپنی جگہ جمعداری پر مقرر کردیا جائے مسل تقرر جمعہ جنے ذریعہ افسر بنام گرجشیہ طلب فرمائی تھی جو منسلک ہے یہ واپس بھیجدیجائے شفیع اللہ کے درخواست بھی شامل ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر کارروائی مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۱۶ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۴ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مثبتہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر در بارہ بحالی سید رحمت حسین مورا سباب نشاط تخفیف شدہ ۹ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء بوجہ کثرت کار حسب خواست سید ابن علی صاحب مصاحب۔

بموجب رپورٹ سید رحمت حسین مور اسباب نشاط کو اوسکی اپنی جگہ پر بحال کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۱۴ ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

برخاستگی

۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

معروضہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ برخاستگی ہرپرشاد ذخیرہ دکان خزانہ تنخواہ یاب ما ۵؎ ماہوار از تاریخ ۴ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء معطل۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ ہرپرشاد ذخیرہ دکان خزانہ کا نام ۴ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء سے ملازمت سے خارج کیا جائے کاغذات ابغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

وابستہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے عطائے رخصت ایکماہ محمد تقی پنشین پروفیسر بوجہ علالت ہونے حق رخصت رعایتی ایک ماہ حسب سفارش صاحب ہوم منسٹر بہادر۔

حکم

حسب استدعا محمد تقی پنشین پروفیسر کی ایکماہ کی رخصت منظور ہے کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بمنشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تبادلہ

۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رپورٹ منظور ہے مولوی قاسم علی کورٹ انسپکٹر کو اسٹیٹ پراسیکیوٹر مقرر کیا جاوے کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء یہ نقل حکم درج گزٹ ہو

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض

جناب عالی

میر سائند

عدالت سشن مین مولوی نفیس الدین صاحب اسٹیٹ پراسیکیوٹر پیروی مقدمات کرتے تھے اب وہ منصف مقرر ہو گئے ہین پیروی مقدمات کیلئے وہان ضرورت ہے کورٹ انسپکٹر از روئے قاعدہ سشن مین پیروی مقدمات نہین کر سکتا اسلئے صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی رائے ہے کہ مولوی قاسم علی صاحب کورٹ انسپکٹر کو اسٹیٹ پراسیکیوٹر مقرر فرمایا جائے وہ عدالت سشن مین پیروی کر سکین گے اور قانونی اعتراض بھی رفع ہو جائیگا صرف نام کی تبدیلی ہے عرضداشت حضور انور مین پیش ہے ترقی تنخواہ نہین ہے کہ حکم منظوری شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔

آفتاب دولت واقبال تابان باد فقط

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم صاحب چیف منسٹر بہادر [illegible] اور صاحب فائننس منسٹر بہادر

دربارہ برخاستگی سید امجد علی اہلمد [illegible] دکان خزانہ مشاہرہ دار ۲۰ روپیہ ماہوار بسفارش لحاظ نامبردہ بروقت طلب [illegible]۔

حکم

سید امجد علی دکان خزانہ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء سے تخفیف کیا جائے احکام ضابطہ جاری ہون ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر